اور یہ کہ "اگر لوگ رشوت نہ دیں گے تو کوئی رشوت نہیں لے گا"۔ شاید "نفاذ اسلام کی داعی حکومت" کا رشوت کے بارے میں یہ طرزِ عمل بھی کوئی قابلِ فخر بات ہوگی
ع رموزِ مملکتِ خویش خسرواں دانند ۔

(۴)

نام کتاب = عثمان ذوالنورینؓ
مصنف = مولانا سعید احمد اکبر آبادی
صفحات = ۳۵۲
قیمت = ۳۴ روپے
ملنے کا پتہ = سُنّی پبلی کیشنز ۔ اوہاب مارکیٹ ۔ اُردو بازار، لاہور ۲

زیرِ نظر کتاب پاک و ہند کے نامور عالم دین مولانا سعید احمد اکبر آبادی کی تالیف ہے ۔ اس میں مولانا موصوف نے خلیفۂ راشد سیدنا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی ایک جامع، مفصّل اور مستند سیرت پیش کی ہے اگرچہ اس موضوع پر اردو زبان میں پہلے سے چند کتب موجود ہیں تاہم اس کتاب کی انفرادیت اپنی جگہ ہے ۔ اس میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی ولادت اور بچپن سے لے کر قبولِ اسلام اور پھر عہدِ نبوی اور خلافتِ شیخین تک کے احوال و سوانح کے ساتھ ساتھ آپ کی خلافت اور پھر شہادت تک کے تمام اہم واقعات کو نہایت جامعیت اور مستند تاریخی حوالہ جات کے ساتھ پیش کیا گیا ہے ۔ اندازِ تحریر تحقیقی اور عالمانہ ہے ۔

کتاب خوبصورت مجلّد ہے اور قیمت بھی مناسب ہے ۔

☆☆☆☆☆

بقیہ : حرفِ اوّل

احمد یار صاحب نہایت محنت اور لگن سے تدریسی فرائض سرانجام دے رہے ہیں ۔

بحمداللہ "حکمتِ قرآن" کو اس کے قارئین تک ہر ماہ کی ابتدائی تاریخوں میں پہنچانے کا پروگرام کامیاب ہو رہا ہے ۔ خاکسار

الصار احمد